© rasailojaraid.com



**ابن عبدالشکور کی کتابیں** مؤلف: ابن عبدالشکور۔ ناشر: تاج کمپنی، ۱۳۵۱ ترکمان گیٹ دہلی ۔ ۱۱۰۰۰۶ ۔ پاکستان میں ملنے کا پتہ: مکتبہ تعمیر انسانیت، اردو بازار، لاہور ۸

یہ چار مختصر کتابیں ہیں۔ ۱۔ حضرت زینب، رقیہ، کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ علیہن) ۲۔ حضرت زینبؓ بنتِ جحش، ۳۔ جناب عبدالرحمٰنؓ بن عوف ۔ ۴۔ حضرت زبیرؓ بن العوام۔

ان کتابوں میں متذکرہ شخصیات کی سوانح اس طرح آئی ہیں کہ یہ مؤثر ذریعہ تبلیغ بھی ہیں۔ قیمتیں علی الترتیب ۵/- روپے، ۱۲/- روپے، ۵/- روپے اور ۸/- روپے ہیں۔ (غالباً بھارتی سکے کے حساب سے)

---

**ماہنامہ منہاج القرآن** مدیر جناب جاوید القادری ۔ زیر سرپرستی پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری ۔ مقامِ اشاعت: ادارہ منہاج القرآن، ۳۶۵ ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور قیمت: عام شمارہ ۵/- روپے۔ سالانہ ۵۰/- روپے

دینی و مذہبی رسائل میں ایک نمایاں اضافہ ۔ جناب طاہر القادری دو طرفہ علوم سے آراستہ ہیں۔ وہ جو بھی مسلک رکھتے ہوں، بہرحال بہت بڑے کام کا منصوبہ ان کے سامنے ہے ۔ دعا ہے کہ وہ اور ان کا ادارہ ملت میں اتحاد کا ذریعہ بنیں۔

---

**ظرافت** مدیر: ضیاء الحق قاسمی ۔ مقام اشاعت ۳/۸ صدیق پلازا ۔ حیدرآباد سندھ۔ قیمت فی شمارہ ۴/- روپے، سالانہ ۶۰/- روپے

یہ ہے واقعی ایک نوع کی خدمتِ انسانیت کہ آپ کانٹوں بھری وادیٔ حیات میں مسافرانِ ستم کشیدہ پر مسکراہٹوں کے چند پھول بکھیرتے رہیں۔ ایسے لوگ بہت تھوڑے ہوتے ہیں جو اپنے غموں کے کانٹوں کی چبھن کے احساس کو دبا کر دوسروں کے لیے ہنستے ہیں۔ یہی خدمت مزاحیہ جریدہ ظرافت کی ہوتی ہے ۔ ہم نے اب تک ظرافت کے جو پرچے پڑھے ہیں ۔ ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ ظرافت کا اپنا حال اندر سے خواہ کتنا ہی پتلا ہو، اس کے ہونٹوں پہ مسلسل مسکراہٹ دکھائی دیتی ہے ۔ آفرین ہے بھئی!

© rasailojaraid.com